28/02/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں اشفاق امین

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج راجستھان کے شہر اجمیر سے قومی سطح کی Human Papillomavirus یعنی HPV ٹیکہ کاری مہم کی شروعات کی۔یہ مہم آج پورے ملک میں عملائی جارہی ہے۔اس مہم کا مقصد بالغ لڑکیوں میں Cervical Cancer کی روک تھا م کو یقینی بنانا ہے ۔ 14سے15سال کی عمرکی لڑکیوں کو اس مہم کے دائرے میں لایاجا رہا ہے ۔

رانجی ٹرافی

ہبلی کرناٹک میں جمونو کشمیر اور کرناٹک کے درمیان رانجی ٹرافی کے فائنل کا مقابلہ جاری ہے ۔ جموں کشمیر نے اس میچ پر اپنی پکڑ مضبوط بنا لی ہے ۔

اس دوران وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ہبلی پہنچ گئے ہیں جہاں وہ فائنل میچ کے آخری دن کے کھیل کا مشاہدہ کر رہے ہیں۔انہوں نے ٹیم کے تئیں نیک خواہشات کا اظہا رکیا۔

...........CM...........

واضح رہے کہ جموں کشمیر کی ٹیم نے تقریباً چھ دہائیوں کے وقفے کے بعد رانجی ٹرافی کے فائنل میں پہنچ کر ایک تاریخ رقم کی ہے ۔

سینٹرل یونیورسٹی

سینٹرل یونیورسٹی کشمیر کے گاندربل کیمپس میں آج نیشنل پروفیشنل Standards for Teachers اور National Mission for Mentoring کی قومی سطح پر اجرائی کیلئے متعلقین کی صلاحیت سازی کا پروگرام منعقد ہو رہا ہے۔ اس پروگرام کا انعقاد نیشنل کونسل فار ٹیچرس ایجوکیشن نے سینٹرل یونیورسٹی کشمیرکے اشتراک سے کیا ہے۔

کانفرنسIIIM

جموں میں کل فائنانس اینڈ اکاؤنٹنگ کی تیسری بین الاقوامی IIM انڈین انسٹی چیوٹ آف منیجمنٹ کانفرنس کا آغاز ہوا ۔ جس کا موضوع ”وکست بھارت2047کی خاطر شمولیاتی اور جامع اقتصادی ترقی کیلئے مالیاتی نظام “ ہے ۔ آج بھی جاری رہنے والی اس د و روزہ کانفرنس کا افتتاح ریزو بنک آف انڈیا کے ڈپٹی گورنر سوامی ناتھن جے نے کیا۔

جموں کی بڑھتی ہوئی IIM اپنے کلیدی خطبے میں سوامی ناتھن جے نے عالمی و قومی سطح پر اہمیت کو سراہا اور کہا کہ 2047تک وکست بھارت کے مالیاتی نظا م کی تعمیرتحفظ ،انصاف ، اعتماد اور بھروسے کی بنیادوں پر کی جانی چاہئے ۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو نے سال 2022میں درج کئے گئے ایک معاملے کے تعلق سے میونسپل کمیٹی کپواڑہ کے اُس وقت کے ایگزیکٹو آفیسر بشیر احمد ڈار ، اس وقت کے خلاف ورزی انسپکٹر محمد عبداللہ ملک اور نوٹیفائیڈلینڈ کے ایک رقبے پر غیر قانونی طور تجاوزات کرنے والے غلام محمد میرنامی ایک شخص کے خلاف اینٹی کورپشن کور ٹ بارہمولہ کے خصوصی جج کی عدالت میں فرد جرم داخل کی ہے ۔ میونسپل کمیٹی کے عہدیداروں پر مذکورہ شخص کے حق میں بس سٹینڈ کیلئے نوٹیفائی کی گئی زمین پر کمپلیکس تعمیر کرنے کا غیر قانونی اجازت نامہ اجرا کرنے کا الزام ہے ۔

یوم وصال

آج رمضان المبارک کی 10تاریخ ہے ۔
عشرہ

رحمت کا آخری دن اور ام المومنین حضرت خدیجہ الکبری رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا یوم وصال ﺔ بھی ہے ۔ اس دن کی مناسبت سے آج وادی کی مساجد ، خانقاہوں اور زیارت گاہوں میں دینی مجالس کا اہتمام ہو رہا ہے۔ ان مجالس میں خطیب حضرات اور علمائے دین حضرت خدیجہ الکبری رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی سیرت پاک کے مختلف گوشے بیان کر رہے ہیں۔

صدقہ فطر

جموں کشمیر کے مفتی اعظم مفی ناصر الاسلام نے کہا ہے کہ رواں سال کے ماہِ رمضان کیلئے صدقہ فطر کی رقم80روپے فی کس مقرر کی گئی ہے۔

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ضلع افسران کی ایک تعارفی میٹنگ طلب کرکے ضلع میں ترقیاتی سرگرمیوں اور فلاحی پروگراموں کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔

انہوں نے عوام کی فلاح و بہبودکو ترجیح دینے اور عام لوگوں کو ہر طر ح کی سہولت دستیاب رکھنے کی ہدایت دی ۔

ڈپٹی کمشنر شوپیان

اسکیم کے RDSS ڈپٹی کمشنر شوپیان شِشِر گپتا نے متعلقہ حکام کی ایک میٹنگ کے دران تحت ضلع میں بجلی کے سمارٹ میٹر نصب کرنے کے عمل کا جائزہ لیا۔

انہوں نے یہ عمل وقت مقررہ کے اندر مکمل کرنے اور بجلی سیکٹر کے مختلف پروجیکٹوں کو بر وقت پایہ تکمیل تک پہنچانے کی ہدایت دی۔

ڈپٹی کمشنر گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے ضلع میں منشیات کے کاروبار کا قلع قمع کرنے اور اس لت میں مبتلا ہوئے افراد کی باز آباد کاری کیلئے کئے جا رہے اقدامات میں سرعت لانے کی ہدایت دی ہے۔

انہوننے ضلع سطح کی این کواڑ میٹنگ کے دوران نشہ مکت بھارت ابھیان کو تیز کرنے پر زور دیتے ہوئے ڈرگ ڈی ایڈکیشن مراکز کی کار گذاری کا جائزہ لیا۔

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ

کپواڑہ کے ضلع ترقیاتی کمشنر سری کانت سُوسے نے ضلع میں عملائی جا رہی فلیگ شپ سکیموں کی عمل آوری مینشفافیت لانے اور ان کے فوائد مستحقین تک پہنچانے کی ہدایت دی ہے۔

انہوں نے ضلع سطح کی جائزہ کمیٹی کی ایک میٹنگ کی صدار ت کرتے ہوئے سال2025-26کی تیسری سہ ماہی کے دوران اسکیمونا ور دیگر مالی اداروں کی کار کردگی اور مذکورہ اسکیموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

یوتھ پارلیمنٹ

بھارت کے مشترکہ اہتمام سے گورنمنٹ My امور نوجوان اور کھیل کود کی مرکزی وزارت اور ڈگری کالج کولگام میں وکست بھارت یوتھ پارلیمنٹ کا انعقاد ہوا جس دوران مقررین نے ” ایمر جنسی کے پچاس سال-بھارت کی جمہوریت کیلئے اسباق“ کے موضوع پر اظہا رخیال کیا۔

کولگام محمد یوسف تاریگامی نے ورچول موڈ کے ذریعے خطاب کرتے ہوئے MLA پروگرام سے نوجوانوں سے تلقین کی کہ وہ جمہوری اقدار کو تقویت پہنچانے میں اپنا رول ادا کریں ۔ تقریب سے کولگام کے ڈپٹی کمشنر شہزاد عالم نے بھی خطاب کیا۔

ڈگری کالج پلوامہ میں بھی وکست بھارت یوتھ پارلیمنٹ کا انعقاد ہوا ۔اس موقعے پر کالج کے پرنسپل ڈاکٹر بشیر احمدشیخ اور ضلع کی ایس ایس پی تنو شری نے مقررہ موضوع پر اپنے خیالات کااظہا رکیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****